آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

21/09/2025 09.25 AM

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت جموں کشمیر میں صنعتی ترقی کو ملک کے دیگر حصوں کی طرز پر دوام بخشنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے ۔

Confederation of Indian Industry Northern Regional Council کی چوتھی سرینگر میں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے بڑی صنعتی اداروں کو آگے آ کر جموں کشمیر میں صنعت کاری کو بڑھاوا دینے میں اپنا تعاون دینا چاہئے ۔

جموں کشمیر ڈاکٹر ایم CII ناردھرن ریجن کی چیر پرسن انجلی سنگھ ، چیر مین CII اس میٹنگ میں ناردھرن ریجن پنیت کورا CII جموں کشمیر اِکرم شفیع اور ڈپٹی چیر مین CII اے علیم ، وائس چیر مین بھی موجود تھے ۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بڑے صنعتی اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ جموں کشمیر کو سرمایہ کاری کرنے کی فعال جگہ سمجھ کر یہاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کریں ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام تفاوتوں کو دور کر کے جموں کشمیر میں سرمایہ کاری کے نظام کو مستحکم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

ایل جی تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کانجی ادھمپور میں دہشت پسندوں کے خلاف آپریشن میں اپنی جان کی قربانی دینے والے لانس دفادر بلدیو چند کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ بہادر فوجی کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا ۔

GST

شرحوں میں کمی کئے جانے GST حکومت کی جانب سے گھریلو استعمال کے بجلی کے سامان پر کی GST کے ا علان سے الیکٹرانک صنعت کو بڑی راحت ملی ہے۔ ایئر کنڈیشنرز اور ڈِش واشرز پر شرح کو 28 فیصد سے کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔

سیوا پرو

ملک کے دیگر حصوں کی طرح پورے جموں کشمیر میں بھی سیوا پرو کے تحت سرگرمیوں کا انعقاد جاری ہے ، جس دوران مختلف سیکٹروں میں حکومت کی حصولیابیوں اور کامیابیوں کو اجا گر کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو مختلف سکیموں اور فلاحی پروگراموں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے بارہمولہ کا دورہ کر کے وہاں سیوا پرو کا آغاز کیا ۔ انہوننے وہاں مختلف محکموں کی طرف سے لگائے گئے سٹالوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر تمام فلاحی سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں ۔

مندیپ کور پرو

مکانات و شہری ترقی کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور نے کل اونتی پورہ میں اربن لوکل باڈی کا دورہ کر کے وہاں سیوا پرو تقریبات میں شرکت کی ۔

محمد اعجاز اسد پرو

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے سیوا پرو کے تحت کل ٹیٹوال کرناہ میں ایک آوٹ ریچ پروگرام کا آغاز کیا ۔ انہوں نے محکمے کی طرف سے عملائی جا رہی مختلف سکیموں کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

شوپیان سیوا پرو

شوپیان میں سیوا پرو کے تحت کل مختلف محکموں کی طرف سے صحت ، تعلیم ، صفائی ستھرائی ، ماحولیات اور سماجی بہبود کے شعبوں سے متعلق وسیع بیداری پیدا کرنے کے لئے متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا ۔

گاندربل پرو

اس تعلق سے گاندربل میں بھی کل دن بھر سرگرمیوں کا انعقاد جاری رہا جن میں بڑے پیمانے پر مقامی لوگوں ، سکولی بچوں اور مختلف محکموں کے اہلکاروں اور افسروں نے شرکت کی اور لوگوں کو فلیگ شپ سکیموں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی ۔

تعزیت

کشمیر ویلی فروٹ Growers cum Dealers Union اور The New Kashmir Fruit Association پارمپورہ نے محکمہ زراعت کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شیلندر کمار کے والد کے فوت ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ